PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 23rd

Notice No. 2441

Received Dated 04 / 07 /2022

Admitted Dated 14 / 07 /2022

Department **Public Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 2441

منجانب:۔جناب شفیق شیر آفریدی، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ آبنوشی کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ محکمہ پبلک ہیلتھ کا ایک اہم اور بنیادی کام عوام کو صاف پانی کی فراہمی ہے اس سلسلے میں پبلک ہیلتھ پوری جانفشانی سے نہ صرف ضم اضلاع میں بلکہ صوبہ کے دوسرے اضلاع میں بھی متعدد سکیموں پر کام کر رہی ہے لیکن بد قسمتی سے ضم اضلاع کے عوام کا حصہ اس سے مستفید نہیں ہو رہا کیونکہ 1995 میں پبلک ہیلتھ نے SAP (Social act Program) کی جو پالیسی متعارف کروائی تھی وہ ضم اضلاع میں صوبے کے دوسرے ضلعوں کے برعکس ابھی تک نافذ العمل ہے اس پالیسی کے تحت ٹیوب ویل یا پانی کے کسی بھی منصوبے پر بھرتی کا عمل رک گیا اور سکیم کی دیکھ بال چلانے اور مرمت کی ذمہ داری متعلقہ لوگوں کے سپرد کی گئی چونکہ یہ ایک ناقابل عمل پالیسی تھی اور اس کی وجہ سے بہت سارے منصوبے تکمیل کے بعد آپریشن اور مرمتی فنڈز کے نہ ہونے کی وجہ سے رُک گئے اور سرکار کے کروڑوں بلکہ اربوں کے منصوبے ضائع ہونے لگے لہذا بعد میں اس پر نظر ثانی کی گئی اور 2007-8 میں اس پالیسی کو واپس لیا گیا اور صوبہ بھر میں سوائے ضم اضلاع کے 1995 سے لیکر 2007-8 تک پانی کے تمام منصوبوں پر آپریٹر چوکیدار اور وال مین کی بھرتیاں ہوئی اور باقاعدگی سے مرمتی (AM&R) کیلئے فنڈز کا اجراء بھی کیا گیا اور یہ تمام سکیمیں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تحویل میں چلے گئے لیکن بد قسمتی سے ضم اضلاع میں آج بھی وہی فرسودہ پالیسی نافذ العمل ہے ضم اضلاع میں آج بھی کسی بھی سکیم پر کوئی آپریٹر بھرتی نہیں ہوتا اور maintenance کیلئے کوئی فنڈز نہیں ملتا ہے بلکہ سسٹم تو یہ ہے کہ 1995 سے پہلے بھرتی شدہ اہلکاروں کی ریٹائرمنٹ کے بعد ان خالی اسامیوں پر دوبارہ بھرتی بھی نہیں ہو سکتی۔